**02/03/2025**

**09.25 AM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے**

**ماہ رمضان**

**ماہ رمضان کے بابرکت مہینے کا آغاز ہو گیا ہے اور آج ماہ صیام کا پہلا روزہ ہے۔ مقدس مہینے کی آمد کے ساتھ ہی مساجد اور خانقاہوں میں خصوصی عبادات کا اہتمام کیا جا رہا ہے جس دوران فرزندان توحید تراویح اور تسبیحات کا ورد کر کے اللہ کے حضور اپنے لئے مغفرت کے طلب کر تے ہیں۔**

**مبارکباد**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، و زیر اعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیراعلیٰ سُریندر چودھری،کابینہ کے وزیروں جا وید احمد ڈار، سکینہ ایتو، جا وید احمد رانا اور ستیش شرما، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری، آئی جی پی کشمیر وی کے بردی، ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ اور دیگر کئی سیاسی، سماجی اور مذہبی شخصیات نے عوام کو ماہ رمضان کی مبارکباد پیش کر تے ہوئے عالم انسانیت کی خوشحالی کےلئے دعا کی ہے۔**

**وزیر اعلیٰ**

**اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تمام اہم محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے دوران عوام کےلئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھیں۔**

**سرینگر میں ماہ رمضان کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے اس بات کو یقینی بنانے پر زور دیا کہ سحری اور افطاری کے وقت بجلی کی کٹوتی نہیں ہونی چاہئے۔**

**نڈا**

**صحت کے مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سینئر لیڈر جے پی نڈا نے کہا ہے کہ جموںو کشمیر میں سرکار کی پالیسیوں کے فوائد عام لوگوں تک پہنچانے NDAبی جے پی سے وابستہ عوامی نمائندے کےلئے کمر بستہ ہیں۔**

**وہ کٹرہ میں بی جے پی سے وا بستہ ارکان اسمبلی کے ایک تربیتی کیمپ میں بول رہے تھے۔ جے پی نڈا نے کہا کہ تربیت بی جے پی کی تنظیمی سرگرمیوں کا ایک اہم حصہ رہی ہے۔**

**چیف سیکریٹری**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی صدارت میں محکمہ دیہی ترقیات کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس دوران آئندہ کے عمل آوری منصوبے کے ساتھ ساتھ اگلے سال کے ایکشن پلان کا جائزہ لیا گیا۔**

**چیف سیکریٹری نے محکمے پر زور دیا کہ وہ سوچھ بھارت مشن گرامین کے تحت ہر پنچایتی حلقے میں در دست لئے گئے کاموں کا جائزہ لیں تاکہ انکی تکمیل میں حائل رُکاوٹوں کو دورکیا جا سکے۔**

سرس

محکمہ دیہی ترقیات اور پنچایتی راج کے تحت جموںو کشمیر رورل لائیولی ہڈس مشن کی طرف سے کلا کیندر جموں میں منعقدہ 2025کا10روزہ سرس آجیوکا میلہ اختتام پذیر ہو گیا ہے۔20فروری کو شروع ہوئے اس میلے نے نہ صرف جموںو کشمیر بلکہ ملک بھر کی دیہی خواتین کارخانہ داروں اور دستکاروں کو اپنا ہنر دکھانے کا ایک پلیٹ فارم فراہم کیا۔

کی مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شبرا شرما نے کہا کہ یہ میلہ محض ایک نمائشی JKRLMاختتامی تقریب پر پروگرام نہیں تھا بلکہ یہ کار خانہ داری اور خود انحصاری کی سمت میں ایک تحریک بھی تھا۔

پولیس

اننت ناگ پولیس کی جانب سے ضلعے کے مختلف علاقوں میں فوجداری کے نئے قوانین سے متعلق عوامی جانکاری کے کئی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

ضلع پولیس لائنز ہندواڑہ میں بھی فوجداری کے نئے قوانین سے متعلق ایک بیداری پروگرام منعقد کیاگیا ۔ ہندواڑہ کے ڈپٹی ایس پی شفیق احمد نے شفافیت کے ساتھ تیز تر انصاف یقینی بنانے میں قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کی ذمہ داریوں کو اُجاگر کیا۔

اسی دوران ایس ایس پی ہندوارہ مشتاق احمد چودھری نے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ میں پولیس ڈسڑکٹ ہندوارہ میں جرائم نیز سلامتی کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔

اُدھر ایس ایس پی کولگام ساحل سرنگل کی صدارت میں بھی اسی طرح کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ، جس دوران ضلعے میں جرائم اور سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔

چیف جسٹس

انصاف تک سب کی رسائی یقینی بنانے کی غرض سے جموںو کشمیر اور لداخ کے چیف جسٹس، جسٹس تاشی ربستان نے گورنمنٹ میڈیکل کالج اور اسپتال جموں میں ایک لیگل ایڈ کلینک اور سپورٹ سینٹر کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر عدلیہ اور سیول و پولیس انتظامیہ کے کئی دیگر عہدیدار بھی موجود تھے۔ اس اہم پیش رفت کے تحت لیگل ایڈ خدمات کو جیل خانہ جات کے ساتھ مربوط کرنے میں مدد ملے گی۔

ٹریفک

سرینگر جموں قومی شاہراہ آج مسافر گاڑیونکےلئے دوطرفہ کھلی ہے۔ البتہ بڑی گاڑیاں صرف جموں سے سرینگر کی طرف چل رہی ہیں۔ ٹریفک حکام نے ڈرائیوروں سے کہا کہ وہ لین ڈسپلن کو بنائے رکھیں۔ اس دوران سرینگر کر گل روڈ اور مغل روڈ ٹریفک کےلئے فی الحال بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2 اعشاریہ 3ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت9 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

.......................................................................